LAS
LEGAL AID SOCIETY

بنیادی حقوق

آرٹیکل 9 : فرد کی سلامتی

- کسی بھی فرد کو قانون کی اجازت اور مرضی کے بغیر زندگی اور آزادی سے محروم نہیں کیا جاسکتا۔

آرٹیکل 10 : گرفتاری اور حراست سے بچاؤ

- کسی بھی فرد کو بھی اس کی گرفتاری کے سبب بتائے بنا حراست میں نہیں لیا جاسکتا۔
- جس فرد کو حراست میں لیا گیا ہو اس کا حق ہے کہ وہ کسی وکیل کی خدمات حاصل کرے اور اس سے مشورہ کرے۔

گرفتار کئے گئے ہر فرد کو گرفتاری کے 24 گھنٹے کے اندر مجسٹریٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا۔

آرٹیکل 10-A : انصاف سے کیس چلنے کا حق

- اپنے شہری حقوق، فرائض کے بارے میں جاننے اور اپنے خلاف کسی بھی مجرمانہ الزام کی پیروی کے لئے کسی بھی فرد کو انصاف مقدمے کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 11: غلامی جبری مشقت پر پابندی

- ہر قسم کی جبری مشقت اور انسانوں کے کاروبار کی ممانعت ہے۔
- 14 سال کی عمر سے کم کسی بھی بچے کو کسی فیکٹری یا کان یا کسی دوسری خطرناک مشقت میں نہیں لگایا جاسکتا۔

آرٹیکل 20 : مذہب اختیار کرنے اور مذہبی مقامات کا انتظام کرنے کا حق

قانون، امن و امان اور اخلاقیات کو نظر میں رکھتے ہوئے :

- ہر شخص کو کوئی بھی مذہب اختیار کرنے اس پہ عمل کرنے اور اس کی تبلیغ کرنے کا حق حاصل ہے۔
- ہر مذہب اور فرقہ کو اپنے مذہبی مقامات قائم کرنے ان کا انتظام کرنے اور انھیں برقرار رکھنے کا حق ہے۔

آرٹیکل 22 : مذہب کے حساب سے تعلیمی اداروں میں تحفظ

- کسی بھی فرد کو جو کسی بھی تعلیمی ادارے میں داخل ہو کسی ایسی مذہبی ہدایات لینے یا کسی مذہبی تقریب میں شرکت کرنے یا کسی مذہبی عبادت میں شامل ہونے میں مجبور نہیں کیا جائے گا جو ہدایات یا تقریب یا عبادت اس کے اپنے مذہب کے سوا کسی اور کی ہو۔